شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36۔کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

19مارچ2025ء

پریس ریلیز

ناجائز ریاست اسرائیل کی غزہ پر جنگ بندی کے معاہدے کے باوجود وحشیانہ بمباری انسانیت کے خلاف بدترین جرم ہے۔ (شجاع الدین شیخ)

لاہور (پ ر): ناجائز ریاست اسرائیل کی غزہ پر جنگ بندی کے معاہدے کے باوجود وحشیانہ بمباری انسانیت کے خلاف بدترین جرم ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ جنوری میں جب حماس، اسرائیل جنگ بندی اور قیدیوں کے تبادلے کا معاہدہ ہوا تھا تو اُس وقت بھی ہم نے خبردار کیا تھا کہ اسرائیل لازماً اس معاہدے کی خلاف ورزی کرے گا کیونکہ یہود کی تاریخ معاہدوں کی خلاف ورزی اور مظلوموں کے ساتھ بہیمانہ سلوک کرنے سے بھری پڑی ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلم ممالک خصوصاً عربوں نے معاہدے پر پہرہ نہ دے کر بدترین غفلت کا مظاہرہ کیا ہے۔ سب ٹرمپ کی دھمکی کے آگے لیٹ گئے اور اپنی کانفرنسوں میں اسرائیل پر دباؤ ڈالنے کی بجائے غزہ کے مسلمانوں پر ہی نشتر چلاتے رہے۔ دوسری طرف اسرائیل معاہدے کے آغاز سے ہی اس کی خلاف ورزی کرتا رہا اور روزانہ کی بنیاد پر نہ صرف غزہ بلکہ مغربی کنارے میں بھی مسلمانوں کو شہید کرتا رہا۔ غزہ کو فراہم کی جانے والی امداد کو کئی دنوں سے بند کیے رکھا اور تمام بنیادی ضروریات زندگی کو روکے رکھا، لیکن مسلم ممالک کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی۔ انہوں نے کہا کہ اطلاعات کے مطابق حالیہ اسرائیلی حملے میں 400 سے زائد فلسطینی مسلمانوں، جن میں اکثریت بچوں، عورتوں اور بوڑھوں پر مشتمل ہے، کو شہید اور ہزاروں کو زخمی کر دیا گیا ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون! حماس کی اعلیٰ قیادت جس میں غزہ کے وزیرِاعظم عصام الدعالیس، نائب وزیرِ انصاف مشیر احمد حتہ، نائب وزیر داخلہ میجر جنرل محمود ابو وفا، ڈائریکٹر داخلی سیکیورٹی ایجنسی میجر جنرل بہجت ابو سلطان اور حماس کے سیاسی بیورو کے اہم رکن ابو عبیدہ الجماسی کو بھی شہید کر دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ رمضان المبارک کی بابرکت ساعتوں میں مسجدِ اقصیٰ کے محافظ - غزہ کے عوام اور مجاہدین پر اس طرح شب خون مارنا انتہائی شرمناک ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلم ممالک اگر اب بھی ناجائز صہیونی ریاست کے خلاف عملی اقدامات نہیں کرتے تو یہ اُن کی بے حسی اور بے حمیتی کی انتہا ہوگی۔ مسلم ممالک کے حکمرانوں اور مقتدر حلقوں کو یاد رکھنا چاہیے کہ انہیں قیامت کے دن اللہ تعالیٰ کو جواب دینا ہے۔ لہٰذا ضرورت اس امر کی ہے کہ ٹرمپ کی دھمکیوں کو پاؤں تلے روند کر فی الفور سب مسلم ممالک متحد ہوں اور اسرائیل کا عملی طور پر سیاسی، سفارتی اور معاشی مقاطعہ کریں۔ علاوہ ازیں قریب کے عرب ممالک دیگر مسلم ممالک کے ساتھ مل کر غزہ پر انسانیت سوز اسرائیلی جارحیت کا عسکری جواب دیں تاکہ دنیا بھر میں اُن کی دھاک بیٹھ جائے، دیگر مقامات پر بھی مسلمانوں کے خلاف مظالم کو روکا جا سکے اور مسلم ممالک کے حکمران، مقتدر حلقے اور عوام آخرت میں سرخرو ہو سکیں۔ اللہ تعالیٰ دنیا بھر کے مسلمانوں کو ہدایت عطا فرمائے اور غزہ کے مجاہدین و عام شہریوں کی غیب سے مدد فرمائے۔ آمین!

جاری کردہ

رضاء الحق، مرکزی ناظم نشرواشاعت